کالسیکر پالی ٹیکنک نیشنل گو۔کارٹ چمپئن شپ کے فائنل میں

پنویل، (اقبال انصاری): پنویل میں واقع انجمنِ اسلام کے عبدالرزاق کالسیکر پالی ٹیکنیک کے انجینئرنگ کے طلبہ 'نیشنل گو۔کارٹ چمپئن شپ' کے فائنل مقابلہ کیلئے منتخب کر لئے گئے ہیں۔ انہوں نے فائنل مقابلہ میں پہنچنے کے لئے اندور میں ہوئے پہلے مرحلے کے پری فائنل راؤنڈ (پی ایف آر) میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ ڈگری کالج کا یہ پہلا بیچ قومی سطح پر نمایاں کارکردی انجام دینے سے ایک قدم دور ہے۔ یہ کارنامہ میکینکل انجینئرنگ کے فائنل ایئر کے طلبہ نے انجام دیا ہے۔

اس سلسلے میں مذکورہ کامیاب ٹیم میں شامل شہزاد فیصل ناظم الدین قاضی نے بتایا کہ "انڈین سوسائٹی آف نیو ایرا انجینئرس (آئی ایس این ای ای) کی جانب سے ہر سال قومی سطح پر 'گو کارٹ چمپئن شپ' کا مقابلہ منعقد کیا جاتا ہے۔ امسال ہم نے تقریباً ۱۴/ ہزار روپے فیس ادا کرکے 'سرکٹ مافیا' کے نام سے پہلی مرتبہ اس مقابلے کے لئے رجسٹریشن کیا تھا۔ مقابلے میں گوکارٹ کا ماڈل بنانے میں کئی پابندیاں عائد کی گئی تھیں۔ مثلاً اسے ۸۰/ ہزار سے کم بجٹ میں تیار کرنا اور ۱۲۵/ سی سی کا انجن استعمال کرنا وغیرہ شامل تھے۔

جولائی میں اندور میں منعقدہ اس مقابلہ میں ملک بھر سے کل ۱۵۰/ ہی انٹریز قبول کی گئی تھیں اور ۱۰۲/ کو فائنل راؤنڈ کے لئے منتخب کیا گیا جن میں سے ہمارا ماڈل ۹۷/ نمبر پر آیا۔ فائنل مقابلہ ۱۶/ اکتوبر کو کوئمبتور میں ہوگا جس میں بریک ٹیسٹ، اسسلریشن ٹیسٹ، اسکڈ پیڈ، آٹو کراس، فیول اکانومی اور ریس وغیرہ کے مقابلے ہوں گے۔ ہر ٹیم کو تیاری کے لئے ۲/ ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔

ٹیم کے کپتان مرزا شاہ رخ نے بتایا کہ "ہم نے ہمارے گو۔کارٹ کے ماڈل 'براک ۱۲۵' کو کم از کم ۶۵/ ہزار روپے کی لاگت سے تیار کیا ہے۔ ہم نے دو اہم چیزوں کو ذہن میں رکھا ہے ایک یہ کہ جو ماڈل تیار کیا ہے ان میں اس کا خرچ کم سے کم آئے یعنی یہ سستا ہو جبکہ اس میں ۷ ریلیٹر تک پیٹرول بھرنے کی صلاحیت ہے۔

اس کی خصوصیات میں اینٹی ڈرگ (ڈھلان پر بھی بغیر پیچھے آئے گاڑی کی آگے چلنے کی صلاحیت)، محض ۱۸/ سیکنڈ میں صفر سے ۱۰۰/ کلو میٹر تک رفتار سے دوڑنے والا پیک اپ، زیادہ سے زیادہ اسپیڈ ۸۰/ کلو میٹر فی گھنٹہ، بجاج ڈسکور کا ۱۲۵/ سی سی انجن اور ۲۰۰/ کلو گرام وزن شامل ہے۔" مرزا نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ فائنل مقابلہ میں بھی کامیابی حاصل کریں گے۔

کالسیکر پالی ٹیکنیک انجینئرنگ کالج کے طلباء کا گروپ جو قومی سطح پر منعقد ہونے والے 'گوکارٹ' کے فائنل مقابلہ کیلئے منتخب ہوا ہے۔ انسیٹ میں ان کا ماڈل بھی دیکھا جا سکتا ہے۔